انٹری فارم کے سلسلہ میں ضروری ہدایات

1۔ تمام ادارے انٹری فارم کی ابتدائی کاپی بذریعہ ای میل بھجوائیں گے جس پر کھلاڑیوں اور آفیشلز کے دستخط، مہر اور تصاویر وغیرہ کی ضرورت نہیں صرف مکمل کوائف کی سافٹ کاپی انٹری فارم کی وصولی کی حتمی تاریخ تک بھجوانا لازم ہے۔

2۔ بذریعہ ای میل بھجوائے جانے والے انٹری فارم کی دو عدد کاپیاں (اصل و فوٹو کاپی) ہر طرح سے مکمل کروا کے (دستخط، تصاویر اور بینک چالان کی اصل کاپی وغیرہ کے ساتھ) انٹری فارم مقابلہ کے دن میچ سے پہلے وینیو سپروائزر کو جمع کروانا لازم ہوگا۔

3۔ بذریعہ ای میل بھجوائے جانے والے انٹری فارم اور وینیو پر فراہم کیے جانے والے انٹری فارم میں کسی بھی قسم کی کوئی تبدیلی نہیں ہونی چاہیے۔

4۔ سپورٹس انٹری فارم بذریعہ واٹس ایپ/ای میل بھجوا دیے گئے ہیں نیز تمام متعلقہ مٹیریل بورڈ کی ویب سائٹ پر بھی اپ لوڈ کر دیا گیا ہے۔ ہر ادارہ ویب سائٹ سے بھی اپنے متعلقہ انٹری فارم کا چناؤ کر سکتا ہے۔ انٹری فارم میں کھلاڑیوں اور آفیشلز کے کوائف کے ساتھ ساتھ فیس بورڈ اکاؤنٹ میں بذریعہ بینک چالان جمع کروانے کی تفصیلات بھی درج ہونی چاہیے۔ انٹری فارم ہاتھ سے پر کرنے سے اجتناب کیا جائے۔

5۔ کمپیوٹر سے ٹائپ شدہ انٹری فارم صرف MS Office فارمیٹ میں ہونا چاہیے۔ PDF، Scan کاپی نا قابل قبول ہو گی۔ ڈراز میں ان ٹیموں کو شامل کیا جائے گا جو اپنی انٹری کو قبل از وقت کنفرم کریں گیں۔ ڈراز میں شامل ہونے کے بعد ٹیم کا وینیو پر پہنچنا لازم ہوگا۔

6۔ کھلاڑیوں کی تصاویر کی پشت پر کھلاڑی کا نام، ولدیت، کلاس اور رول نمبر درج کر کے سربراہ ادارہ سے تصدیق کروا کے تصاویر والے پرفارمہ پر سٹیپل کریں (گوند، گم سٹک کا استعمال نہ کریں) صرف پشت سے تصدیق شدہ تصاویر قابل قبول ہوں گیں۔

7۔ انٹری فارم صرف dpbisefsd@gmail.com پر ای میل کریں۔

21-9-23

ڈائریکٹر فزیکل ایجوکیشن

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد